بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

نمبر 477 رجسٹریشن

مورخہ 12-11-2026

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سرکاری و پرائیویٹ)
ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

عنوان:۔ امتحان سیکنڈری سکول (دہم) پہلا سالانہ 2027ء کی رجسٹریشن/ داخلہ کا معاملہ

عنوان بالا کے ضمن میں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایسے امیدواران جو جماعت نہم دوسرے بورڈ سے پاس کر کے جماعت دہم پہلا سالانہ 2027ء کا امتحان گوجرانوالہ بورڈ سے بطور ریگولر امیدوار دینا چاہتے ہیں۔ ان کی رجسٹریشن/ داخلہ کی سہولت ادارہ جات کے پورٹل پر مہیا کر دی گئی ہے۔ ادارہ جات اپنے پورٹل سے 9th Registration کی مینو میں سے Other Board Feeding 10th کا انتخاب کر کے امیدواران کی رجسٹریشن/ داخلہ کریں۔ نیز اس مقصد کے لیے ہر امیدوار کی علیحدہ علیحدہ رجسٹریشن فیس مبلغ -/3050 روپے کا چالان بورڈ کی ویب سائٹ سے Online Challan کی آپشن میں سے Fee Category کا انتخاب کر کے Other کا انتخاب کریں اور چالان ڈاؤن لوڈ کر کے ادا کرنے کے بعد رجسٹریشن/ داخلہ بارے پیش رفت کریں۔ امیدواران کی رجسٹریشن کرنے کے بعد جمع شدہ بنک چالان، اصل NOC سکول لیٹر پیڈ پر الاٹ شدہ فارم نمبر اور امیدوار کے کوائف تحریر کر کے رجسٹریشن برانچ کو ارسال کریں امیدواران کی اہلیت چیک کرنے کے بعد ادارہ جات کے پورٹل پر اہل امیدواران کا داخلہ فارم Upload کر دیا جائے گا۔

ڈپٹی سیکرٹری جنرل
برائے سیکرٹری

